11-12-18 مجلس شوریٰ کی میٹنگ ہوئی۔ جس میں دعوت وتبلیغ کی مقدار میں کوتاہی کا اعتراف کرتے ہوئے اسے مؤثر بنانے کے لیے مولانا عبدالرحمٰن حنیف صاحب، مولانا ابراہیم خان صاحب مسئول الدعوۃ مولانا محمد اسماعیل عبداللہ اور یوسف عبدالرحمٰن پر مشتمل کمیٹی تشکیل دی گئی۔ سرمائی تعطیلات کو بامقصد بنانے کے لیے مرکز اسلامی سکردو میں میٹرک، انٹرمیڈیٹ، اور بی اے کے لیے طلباء کی ٹیوشن خاطر ہاسٹل کھولنے کا فیصلہ ہوا۔ اس کی ذمہ داری جناب اے سی (R) حاجی امین صاحب، جناب مولانا محمود اسماعیل اور انتظامیہ مرکز اسلامی پر ڈالی گئی۔ اور الحمدللہ ٹیوشن کا آغاز ہو چکا ہے۔

11-12-20 الاثر پبلک سکولوں کے نتائج سنائے گیئے۔ جس میں مہمان خصوصی سید عبداللہ شگری صاحب تھے۔

امسال تینوں الاثر پبلک سکولز 5th تا 8th کا امتحان ایک بورڈ کے تحت لیا گیا، جس کا خلاصہ یہ ہے:

الاثر پبلک سکولز	کل تعداد	پاس طلباء	ریزلٹ فیصد	پوزیشن	گریڈوائز	کل پوائنٹ	نتیجہ
غواڑی	63	46	73	8	25	106	تھرڈ
کریس	37	27	73	12	25	110	سکینڈ
یوگو	19	18	95	28	66	189	فرسٹ

الاثر پبلک سکول یگو کے طالب علم عمیر سالک نے 850 میں سے 706 نمبر حاصل کر کے بورڈ بھر میں اول پوزیشن حاصل کی۔ عزیزم طالب علم کے لیے مبارکباد اور نیک تمنائیں ہو!

رئیس مجلس عمل مولانا محمد حسین آزاد الرحمانی کو صدمہ

جمعیت اہلحدیث بلتستان کے رئیس مجلس عمل جناب مولانا محمد حسین آزاد الرحمانی حفظہ اللہ کی والدہ محترمہ قضائے الٰہی سے ۹۵ برس کی عمر میں وفات پا گئیں۔ ﴿إنا للہ وإنآ إلیہ راجعون﴾ اللھم اغفر لھا وارحمھا وحاسبھا حساباً یسیرا۔ موصوفہ کی وفات پر ہم جناب مولانا آزاد صاحب اور آپ کے بھائیوں حاجی محمد حسن صاحب اور محمد صاحب سے تعزیت کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ پسماندگان کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے۔ (ادارہ)